سیکھنے سکھانے کے حلقوں کا جدول

# سُنّتوں پر عمل کرنا

02 جولائی 2026



## سیکھنے سِکھانے کے حلقوں کا جدول

(1): مختلف مَوضوعات پر مختصر بیان:5منٹ (2): دُعا یاد کروانا:5منٹ (3): جائزہ:5منٹ۔ کُل دورانیہ:15منٹ

آج کے سیکھنے سکھانے کے حلقوں میں 72 نیک اعمال میں سے ایک نیک عمل **سُنّتوں پر عمل کرنے** کے مُتَعَلِّق معلومات دی جائیں گی اور **دوسرا کلمہ** یاد کروایا جائے گا۔ آخر میں نیک اعمال کے رسالے سے اجتماعی جائزہ لیا جائے گا۔اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الْکَرِیْم!

# سُنّتوں پر عمل کرنا

## درود شریف کی فضیلت

**آخری نبی، رسولِ ہاشمی** صلی اللہ عَلَیۡہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم **نے فرمایا:** جبرائیل (عَلَیۡہِ السَّلَام) نے مجھ سے عرض کی کہ اللہ پاک فرماتا ہے: اے مُحَمَّد (صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم)! کیا تم اِس بات پر راضی نہیں کہ تمہارا اُمَّتی تم پر ایک سلام بھیجے، میں اُس پر 10 سلام بھیجوں۔[1]

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

## نیک عمل نمبر 31

**پیارے اسلامی بھائیو!** اَمیرِ اَہلسنت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ نے گُناہوں سے بچنے اور سُنَّتیں اپنانے کے لیے اسلامی بہنوں، اسلامی بھائیوں اور طلبا وغیرہ کے لیے سوالات کی صورت میں نیک اعمال کے مختلف رسائل ترتیب دیئے ہیں۔ آج ہم 72 نیک اعمال کے رسالے سے **نیک عمل نمبر:31** کے بارے میں سُنیں گے۔

**نیک عمل نمبر31:** کیا آج آپ نے اِن کچھ نا کچھ سُنَّتوں پر عمل کیا؟ (مسواک، گھر میں آنا جانا، سونا جاگنا، قبلہ رُخ بیٹھنا وغیرہ)

## سُنّت کسے کہتے ہیں؟

رسولِ ذیشان، مکی مدنی سلطان صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم کے اَعمال واَفعال کو **سُنّت** کہتے ہیں۔

---

1 ... مشکاۃ المصابیح، کتاب الصلاۃ، باب الصلاۃ علی النبی...الخ، جلد:1، صفحہ:190، حدیث:928۔

**وضاحت:** ہر وہ عمل جو فرض اور واجب نہ ہو، مگر نبیِ کریم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم نے اِختیار فرمایا ہو، **سُنّت** کہلاتا ہے۔ سُنّت کی 2 قسمیں ہیں: **(1): سُنّتِ زوائد،** اگر وہ کام نبی کریم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم نے عادت کے طور پر کیا ہو، اُسے سُنّتِ زوائد کہتے ہیں۔ مثلاً: بالوں میں کنگھی کرنا، کدو شریف رَغبت سے کھانا **(2): دوسری سُنّتِ ھُدیٰ،** اگر وہ کام عبادت کی غرض سے کیا ہو، اُسے سُنّتِ ھُدیٰ کہتے ہیں۔ سُنّتِ ھدیٰ 2 طرح کی ہے: **(۱): سُنّتِ مُؤَکَّدہ:** جو کام نبی کریم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم نے ہمیشہ کیے ہوں اور بیانِ جواز کے لیے کبھی ترک بھی کیے ہوں، اِنہیں سُنّتِ مُؤکَّدہ کہتے ہیں **(۲): سُنّتِ غیر مُؤَکَّدہ:** جو کام پیارے آقا صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم نے کبھی کبھار کیے ہوں وہ سُنّتِ غیر مُؤکَّدہ ہیں۔[1]

## آیتِ مبارکہ

قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَ یَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْؕ وَ اللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ(۳۱)

(پارہ:3، آلِ عمران:31)

**ترجمۂ کنزُالعرفان:** اے حبیب! فرما دو کہ اے لوگو! اگر تم اللہ سے محبت کرتے ہو تو میرے فرمانبردار بن جاؤ اللہ تم سے محبت فرمائے گا اور تمہارے گناہ بخش دے گا اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

❁ مشہور مُفَسِّرِ قرآن مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں: کامل اطاعت اور خالص پیروی کو اِتّباع کہتے ہیں۔[2] ❁ ایک قول کے مطابق اس آیت میں نبی کریم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم کی احادیث، سُنّتوں اور سیرتِ طیبہ کی کامل پیروی کرنے کا فرمایا گیا ہے۔[3]

## فرمانِ آخری نبی صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم

❁ رسولِ ذیشان، مکی مدنی سلطان صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: جس نے میری سُنّت سے محبّت کی، اس نے مجھ سے محبّت کی، جس نے مجھ سے محبّت کی وہ جنت میں میرے ساتھ ہو گا ❁ ایک حدیث پاک میں ہے:

❶... مرآۃ المناجیح، جلد:2، صفحہ:175، ملخصاً-
❷... تفسیر نعیمی، پارہ:3، سورۃ آلِ عمران، زیر آیت:31، جلد:3، صفحہ:375-
❸... تفسیر مدارک، پارہ:3، سورۃ آلِ عمران، زیر آیت:31، جلد:1، صفحہ:249-

جس نے فتنے اور فساد کے زمانے میں میری سُنَّت پر عمل کیا، اُسے 100 شہیدوں کا ثواب عطا کیا جائے گا۔[1]

## سُنّت کے مُتَعَلِّق اَحکام

(1): سُنّتوں پر عمل کرنا بہت بڑی سعادت اور ثواب کا کام ہے (1): سُنّتِ مُؤَکَّدہ کو چھوڑنے کی عادت بنالینا گناہ ہے۔[2] (1): سُنّتِ غیرِ مُؤَکَّدہ کو چھوڑنا اگرچہ گناہ نہیں لیکن بہت سے ثواب و فضائل سے محرومی کا سبب ہے۔

## سُنّتوں پر عمل کرنے کے فوئد و ثوابات

❁ سُنّتوں پر عمل کرنا جنت میں لے جانے والا کام ہے۔(**حدیثِ پاک میں ہے:** جس نے پاکیزہ کھانا کھایا، **سُنّت کے مطابق عمل کیا** اور لوگ اس کے شر سے محفوظ رہے وہ جنت میں داخل ہوگا۔[3]) ❁ سُنّتوں پر عمل کرنا نیکیوں میں اضافے کا سبب ہے ❁ سُنّتوں پر عمل کرنا ہدایت کا ذریعہ ہے ❁ سُنّتوں پر عمل کرنا بے دینی اور گمراہیت سے بچنے کا ذریعہ ہے (**حدیثِ پاک میں ہے:** میں نے تم لوگوں میں 2 ایسی چیزیں چھوڑی ہیں، جب تک ان پر عمل کرتے رہو گے ہر گز ہر گز گمراہ نہیں ہوگے۔ (1): کتابُ اللہ یعنی قرآن کریم (2): سُنّت۔[4]) ❁ سُنّتوں پر عمل کرنا پیارے آقا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم سے محبّت کی علامت ہے ❁ سُنّتوں پر عمل کرنا روزِ قیامت پیارے آقا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم کے قُرب کا ذریعہ ہے۔

## سُنّتیں چھوڑنے کے نقصانات

❁ سُنّتوں سے دُوری گمراہی کا سبب ہے۔[5] ❁ سُنّتیں چھوڑنے والے کا دِل مردہ ہونے کا خطرہ ہے۔[6]

❁ **حدیثِ پاک کے مطابق** بلاوجہ سُنّتیں چھوڑنے کا عادی پیارے آقا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم کے طریقے پر

---

1 ... مشکوٰۃ المصابیح، کتاب الایمان، باب الاعتصام بالکتاب والسنۃ،، جلد:1، صفحہ:55، حدیث:175-176-

2 ... فتاویٰ رضویہ، جلد:1، صفحہ:903-

3 ... مستدرک، کتاب الاطعمۃ، باب ذکر معیشۃ النبی، جلد 5، صفحہ:142، حدیث:7155-

4 ... موطا امام مالک بروایۃ یحیی بن یحیی اللیثی، کتاب القدر، باب النھی عن القول بالقدر، صفحہ:479، حدیث:1708-

5 ... مسلم، کتاب المساجد و مواضع، باب صلاۃ الجماعۃ من سنن الھدی، صفحہ:237، حدیث:654۔

6 ... احیاء العلوم، کتاب شرح عجائب القلب، بیان تفصیل مداخل الشیطان...الخ، جلد:3، صفحہ:48، ملخصًا۔

نہیں۔ **حدیث پاک میں ہے:** جو میری سُنّت سے اعراض کرے وہ مجھ سے نہیں۔[1] ❁ **حدیث پاک میں ہے:** جس نے میری سُنّت سے اعراض کیا وہ ہلاک ہوا۔[2]

## سُنّتوں پر عمل کرنے کا ذہن بنانے کے طریقے

❁ دِل میں عشقِ مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کا اضافہ کیجیے! اس کے لیے ❁.. پیارے آقا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کی سیرت کا مطالعہ کیجیے ❁.. درودِ پاک کی کَثرت کیجیے ❁.. نعتیں سُنیے ❁ سُنّتوں پر عمل کرنے کے فوائد وفضائل ذہن میں رکھیے ❁ سُنّت پر عمل کرنے کے مُتعَلّق صحابہ کرام اور بزرگانِ دین کے واقعات پڑھیے ❁ فیشن پَرستی سے پیچھا چھڑایئے ❁ نیک نمازی اور سُنّت کے پابند اسلامی بھائیوں کی صحبت اختیار کیجیے۔

**پیارے اسلامی بھائیو!** آج ہم نے نیک عمل نمبر:31 کے مطابق **سُنّتوں پر عمل کرنے** کے عنوان پر مفید ترین معلومات حاصل کیں، آیئے! نیت کرتے ہیں کہ پیارے آقا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کی سُنّتیں اپنائیں گے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الْکَرِیْم!

اللہ پاک عمل کی توفیق نصیب فرمائے۔ آمین بجاہِ خاتمِ النبیّٖن صلی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم۔

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

## سیکھنے سِکھانے کے حلقوں میں یاد کروائی جانے والی دعا

### دوسرا کلمہ

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰـهَ اِلاَّ اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْکَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ

**ترجمہ:** میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ پاک کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ بیشک محمد (صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ) اللہ کے بندے اور رسول ہیں۔

---

1 ... بخاری، کتاب النکاح، باب الترغیب فی النکاح، صفحہ:1307 حدیث:5063۔

2 ... الاحسان بتقریب صحیح ابن حبان، باب الاعصام بالسنہ... الخ، ذکر اِثبات الفلاحِ، صفحہ:111، حدیث:11، ملخصًا۔

# اجتماعی جائزے کا طریقہ (72 نیک اعمال)

## یومیہ 56 نیک اعمال:

(1):اچھی اچھی نیتیں کیں؟ (2):پانچوں نمازیں باجماعت ادا کیں؟ (3):ہر نماز سے قبل نماز کی دعوت دی؟ (4):رات میں سُورَۃُ الْمُلک پڑھ یا سن لی؟ (5):ہر نماز کے بعد آیۃُ الکرسی، تسبیحِ فاطمہ، سُورَۃُ الْاِخلاص پڑھی؟ (6):کنزُالاِیمان سے 3 آیات یا صِراطُ الجنان سے 2 صفحات مع ترجمہ و تفسیر پڑھ یا سن لئے؟ (7): شجرے کے اوراد پڑھے؟ (8):313 بار دُرُود شریف پڑھے؟ (9): آنکھوں کو گناہوں سے بچایا؟ (10):کانوں کو گناہوں سے بچایا؟ (11):فضول نظری سے بچتے ہوئے نگاہیں نیچی رکھیں؟ (12):12 منٹ مکتبۃ المدینہ کی اصلاحی کتاب پڑھی؟ (13):اذان و اقامت کا جواب دیا؟ (14):غصے کا علاج کیا؟ (15):اپنا جائزہ کیا؟ (16):اپنے نگران کی اطاعت کی؟ (17): آپ اور جی کہہ کر بات کی؟ (18):مدرسۃ المدینہ بالغان میں پڑھا، یا پڑھایا؟ (19):عشاء کی جماعت سے دو گھنٹے میں گھر پہنچ گئے؟ (20):2 گھنٹے دینی کاموں پر صَرف کئے؟ (21): فجر کے لئے جگایا؟ (22):دوسروں کے گھروں میں جھانکنے سے بچے؟ (23):گھر درس ہوا؟ (24):مسجد درس دیا یا سُنا؟ (25):سنّت کے مُطابِق لباس پہنا؟ (26):زلفیں رکھنے کی سنّت پر عمل ہے؟ (27):ایک مشت داڑھی ہے؟ (28):گناہ ہونے کی صورت میں فوراً توبہ کی؟ (29):سنّت کے مُطابِق کھانا کھایا؟ (30):مسلمانوں کو سلام کیا؟ (31):کچھ نہ کچھ سنتوں پر عمل کیا؟ (32):ظہر کی سنتِ قبلیہ فرض سے پہلے ادا کیں؟ (33):تہجّد یا صلوٰۃُ اللیل پڑھی؟ (34):اَوّابِین یا اِشْراق وچاشت پڑھیں؟ (35):عصر یا عشا کی سنتِ قبلیہ پڑھیں؟ (36):12 دینی کاموں میں سے ایک دینی کام کی ترغیب دلائی؟ (37):دوسروں سے مانگ کر چیزیں تو استعمال نہیں کیں؟ (38): جھوٹ، غیبت اور چغلی سے بچے؟ (39):کچھ نہ کچھ وقت مَدَنی چینل دیکھا؟ (40):ذاتی دوستی تو نہیں کی؟ (41):وقت پر قرض ادا کر دیا؟ (42):عاجزی کے ایسے الفاظ تو نہیں بولے جن کی تائید دل نہ کرے؟ (43):صفائی اور سلیقے کا خیال رکھا؟ (44): مسلمانوں کے عُیُوب کی پردہ پوشی کی؟ (45):بعدِ فجر تفسیر سننے/سنانے کے حلقے میں شرکت کی؟ (46):کچھ نہ کچھ جائز کام سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھی؟ (47):چوک درس دیا یا سنا؟ (48):والدین اور پیر و مرشد کو ایصالِ ثواب کیا؟ (49):اِسْرَاف سے بچے؟ (50):ٹریفک قوانین کی پابندی کی؟ (51): تنظیمی طریقہ کار کے مُطابِق مسئلہ حل کیا؟ (52):زبان کے گناہوں سے بچے؟ (53):فضول باتوں سے بچے؟ (54):مذاق مسخری، طنز، دل آزاری اور قہقہہ لگانے سے بچے؟ (55):عمامہ شریف باندھا؟ (56):ماں باپ کا اَدَب کیا؟

## قفلِ مدینہ کارکردگی

۞لکھ کر گفتگو12 مرتبہ ۞اشارے سے گفتگو12 مرتبہ ۞نگاہیں گاڑے بغیر گفتگو12 مرتبہ۔

## ہفتہ وار 9 نیک اعمال

(57):اسلامی بہنوں کے ہفتہ وار اجتماع میں کسی نہ کسی اسلامی بہن کو گھر سے بھیجا؟(58):ہفتہ وار مَدَنی مُذاکَرہ دیکھا یاسنا؟(59):ہفتہ وار اجتماع میں اوّل تا آخر شرکت ہوئی؟(60):یومِ تعطیل اِعتِکاف کیا؟(61):مریض یا دکھیارے کی عیادت یا غم خواری اور کسی کے انتقال پر تعزیت کی؟(62):ہفتے میں کسی بھی دن روزہ رکھا؟(63):ہفتہ وار رسالہ پڑھا یاسنا؟(64):علاقائی دورہ کیا؟(65):پہلے آنے والے اور اب نہ آنے والے اسلامی بھائی کو دینی ماحول سے وابستہ کیا؟